نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ: راولپنڈی، پشاور، ایبٹ آباد، کراچی بلوز، لاہور بلوز اور اسلام آباد کی کامیابی

- ذیشان ملک کی جارحانہ سنچری

کراچی 26 نومبر، 2023ء:

نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں اتوار کے روز کھیلے گئے میچوں میں راولپنڈی، پشاور، ایبٹ آباد، کراچی بلوز، لاہور بلوز اور اسلام آباد نے کامیابی حاصل کرلی۔

ایچ پی سی اوول گراؤنڈ میں راولپنڈی نے فیصل آباد کو 27 رنز سے ہرادیا۔
راولپنڈی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 174 رنز بنائے۔ ذیشان ملک نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 10 چوکوں اور 5 چھکوں کی مدد سے 107 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ اسد رضا نے دو وکٹیں حاصل کیں۔
جواب میں فیصل آباد کی ٹیم 9 وکٹوں پر 147 رنز بناسکی۔ آصف علی اور عرفان خان 32، 32 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔ مہران ممتاز، جہانداد خان اور مبصر خان نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں پشاور نے کوئٹہ کو 69 رنز سے ہرادیا۔ گیلی آؤٹ فیلڈ کی وجہ سے یہ میچ 13 اوورز کا کردیا گیا تھا۔

پشاور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 2 وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنائے۔ افتخار احمد نے ایک چوکے اور 5 چھکوں کی مدد سے 51 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ عامر عظمت نے 50 رنز اسکور کیے اور وہ بھی آؤٹ نہیں ہوئے ان کی اننگز میں 2 چوکے اور 5 چھکے شامل تھے۔ ان دونوں نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 100 رنز کا اضافہ کیا۔ جلات خان نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں کوئٹہ کی ٹیم 7 وکٹوں پر 89 رنز بنا پائی۔ صلاح الدین 34 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ عمران خان سینئر اور عباس آفریدی نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

ایچ پی سی اوول گراؤنڈ میں ایبٹ آباد نے بہاولپور کو 7 وکٹوں سے ہرا دیا۔

بہاولپور نے پہلے بیٹنگ کی اور 9 وکٹوں پر 115 رنز بنائے۔ محمد شاہد نے چھ چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 55 رنز اسکور کیے۔

عاقب خان اور خالد عثمان نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

ایبٹ آباد نے 3 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔ فخر زمان نے 42 رنز اسکور کیے جس میں تین چوکے اور دو چھکے شامل تھے۔ محمد شاہد نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں کراچی بلوز نے لاڑکانہ کو 9 وکٹوں سے ہرا دیا۔

لاڑکانہ کی ٹیم صرف 61 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ فراز عزیز 26 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ ولید عظیم نے صرف 9 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

کراچی بلوز نے ایک وکٹ کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔ محمد طحہ 36 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

نیشنل بینک اسٹیڈیم میں لاہور بلوز نے کراچی وائٹس کو 5 رنز سے شکست دیدی۔

لاہور بلوز نے 8 وکٹوں پر 159 رنز اسکور کیے۔ عمران بٹ نے چھ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 54 رنز بنائے۔ حسین طلعت نے 45 رنز اسکور کیے۔ آفتاب ابراہیم، عارف یعقوب اور سہیل خان نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

کراچی وائٹس کی ٹیم 7 وکٹوں کے نقصان پر 154 رنز بنا پائی۔ عماد عالم تین چھکوں اور تین چوکوں کے ساتھ 45 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ کاشف بھٹی نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

نیشنل بینک اسٹیڈیم میں اسلام آباد نے ڈیرہ مراد جمالی کو 2 وکٹوں سے ہرا دیا۔

ڈیرہ مراد جمالی کی ٹیم 127 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ زبیر خان 46 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ عمیر آفریدی نے 24 رنز دے کر 4 اور موسیٰ خان نے 22 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں اسلام آباد نے آٹھ وکٹیں گنوانے کے بعد حماد صدیق کے ناقابل شکست 51 رنز کی بدولت میچ کی آخری گیند پر مطلوبہ اسکور پورا کرکے کامیابی حاصل کرلی۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial